05/04/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینمسرت شاہ

سپیکر

جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے اسمبلی کے بجٹ سیشن-2026 کے مو ثر اور احسن اِنعقاد کو یقینی بنانے کے لئے مختلف محکموں کے تال میل اور کام کاج کی سراہنا کی ہے۔

انہوننے خاص طور پر اسمبلی سیکرٹریٹ، پولیس، محکمہ اطلاعات اور تعلقات عامہ،صحت، ٹرانسپورٹ، بجلی، مہمان نوازی وخاطر تواضع سمیت دیگر معاون محکموں کی خدمات کی بھی سراہنا کی۔

سپیکر عبدالرحیم راتھر نے تفصیلات دیتے ہوئے کہا کہ بجٹ سیشن میں کُل22 دن ایوان کی کارروائی چلائی گئی جس دوران8سرکاری بلوں کو متعارف کرنے کے بعد پاس کیا گیا جبکہ مجموعی طور پر 1ہزار528سوالات کا جواب دیا گیا ۔

واضح رہے کہ2فروری کو شروع ہوا2مراحل پر مشتمل اسمبلی اجلاس کل4اپریل کو غیر معائنہ مدت کےلئے ملتوی کیا گیا۔

CDS

چیف آف ڈیفنس سٹاف جنرل انیل چوہان نے سرینگر میں قائم سٹریٹجک اہمیت کے حامل فوج کی چنار کو رمیں عملی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

CDSنے شمالی کشمیر مینحد متارکہ کے متصل بھی سلامتی کے منظر نامے اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا۔ دورے پر آئے ہوئے اس موقعے پر انہیں فوج میں کام آنے والی مستقبل کی ٹیکنالوجیوں کو شامل کرنے کی نسبت سے جانکاری دی گئی۔

حج

جموںو کشمیر سے اس سال عازمین حج کی روانگی کا سلسلہ18اپریل سے شروع ہو کر28اپریل تک جا ری رہے گا۔اس سال جموںو کشمیر سے 4ہزار 706 عازمین کرام سفر محمود پر روانہ ہو رہے ہیں ۔

ادھرڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے ضلع انتظامیہ کے افسران کی ایک میٹنگ میں حج2026 کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوںنے عازمین کی سہولت کےلئے تمام محکموں کو قریبی تال میل کے ساتھ کام کرنے کی ہدا یت دی ۔

اعجاز ایوب

مغربی ایشیاءمیں جا ری کشید گی سے جہاں دنیا کے بیشتر ممالک میں ضروری اشیاءکی دستیابی کے تعلق سے لوگوں میں تشویش پائی جارہی ہیں، وہیں جموںو کشمیر میں بھی اس سلسلے میں لوگوں کا رد عمل سامنے آیا ہے۔

اس بارے میں جموںو کشمیر کے ایک نامور ماہر اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

------Dr.Aijaz------

مارم

مصنوعی ذہانت زند گی کے مختلف شعبوں پر اپنے اثرات مرتب کر رہی ہے اور اس تعلق سے بھارت میں حالیہ دنوں ایک بین الاقوامی کانفرنس بھی منعقد ہوئی۔ اس میں کئی ممالک کے نمائندوں نے شرکت کر کے آرٹیفشل انٹیلی جنس کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔

اس بارے میں ویژن ڈیجیٹل انڈیا بنگلورو کے بانی چیرمین ڈاکٹر ہری کرشن مارم نے آکاشوانی نیو زسرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

----(Maram)--Byte------

موسم

وادی میں گذشتہ روز سے ہو رہی بارشوں کے نتیجے میں دن کے درجہ حرارت میں گراوٹ درج کی جا رہی ہے۔ اُبھرتی موسمی صورتحال کے تناظر میں
محکمہ

زراعت اور باغبانی کی طرف سے کسانوں کےلئے ضروری ایڈ وائزریز جاری کی گئی ہیں ۔

جبکہ اہم شاہراؤں پر سفر کرنے سے پہلے لوگوں کو ٹریفک محکمے کے مختلف کنٹرول یونٹوں سے رابطہ کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

اس بارے میں ایس ایس پی ٹریفک نیشنل ہائی وے راجا عادل حمید نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-----Raja Adil -----

ایسٹر

آج ایسٹر ہے۔ اس موقعے پر گرجا گھروں میں خصوصی عبادات کا اہتمام ہے۔ یہ دن عیسائی عقیدے کے مطابق حضرت عیسا مسیح ؑ کے صلیب پر چڑھائے جانے کے تین دن بعد ان کے دوبارہ جی اُٹھنے کی خوشی میں منایا جاتا ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ایسٹر کے موقعے پر عوام کو مبارکباد پیش کر تے ہوئے انسانیت کی بھلائی کےلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 اعشاریہ 8 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

………………………………

……………………